# ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے بقیہ میچز کی پراڈکشن بھی ایچ ڈی کوالٹی میں ہو گی

- جونٹی روڈز، رمیز راجہ، ڈومینک کارک، بازید خان، مارک باؤچر، وقار یونس، عروج ممتاز، ثناء میر اور طارق سعید براڈکاسٹ پینل کا حصہ

**کراچی، 13 نومبر 2020ء:**

کورونا وائرس کی عالمی وباء کے سبب 8 ماہ کے تعطل کے بعد ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020 کے بقیہ میچز 14 نومبر بروز ہفتہ سے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں شروع ہوں گے۔

بند دروازوں میں کھیلے جانے والے یہ چاروں میچز پاکستان کے ناظرین کے لیے پی ٹی وی اسپورٹس اور جیو سوپر پر براہ راست نشر ہوں گے۔ ایونٹ کے ابتدائی مرحلے کی طرح ان باقی ماندہ میچز کی پراڈکشن بھی ایچ ڈی کوالٹی میں کی جائے گی۔ اس دوران ہاک آئی اور ڈی آر ایس کی سہولیات دستیاب ہوں گی۔

ایونٹ کے پلے آف میچز میں اسپائیڈر کیم، آلٹرا موشن اور سپر سلو موشن کیمراز کے علاوہ فینز کی سہولت کے لیے کرک وز کی جانب سے ڈیٹا ان پٹ بھی جاری رہے گی۔

دیگر ممالک میں یو کے میں ہم مصالحہ، اسکائے نیوزی لینڈ اور یورو اسپورٹس انڈیا کی براڈکاسٹ بیم دستیاب ہو گی۔ ایونٹ کی لائیو اسٹریمنگ پی ایس ایل کے آفیشل یوٹیوب چینل پر (پاکستان سے باہر) دستیاب ہو گی۔

پاکستان میں مداحوں کے لیے لائیو اسٹریم یہاں دیکھ سکتے ہیں:
bsports.pk, tapmad.com, tv.jazz.com.pk and goonj.pk

اس دوران دنیا کے معروف کمنٹیٹرز گراؤنڈ پر ہونے والے ایکشن پر تبصرے اور تجزیے کے لیے کمنٹری باکس میں موجود ہوں گے۔

ایونٹ کے ابتدائی مرحلے میں شریک تین غیر ملکی کمنٹیٹرز، جنوبی افریقہ کے جونٹی روڈز، انگلینڈ کے ڈومینک کارک اور مارک باؤچر کے علاوہ پاکستان کے معروف کمنٹیٹر رمیز راجہ اور بازید خان لیگ کے بقیہ میچز پر تبصرہ کریں گے۔

لیجنڈری فاسٹ باؤلر وقار یونس، قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی سابق کپتان ثناء میر اور عروج ممتاز کے ساتھ ساتھ معروف اردو کمنٹیٹر طارق سعید بھی ان چار میچز کے لیے بنائے گئے براڈکاسٹ پینل کا حصہ ہیں۔

ہفتے کے روز شیڈول ایونٹ کے دو پلے آف میچز میں ملتان سلطانز اور کراچی کنگز (کوالیفائر) جبکہ لاہور قلندرز اور پشاور زلمی (ایلیمنیٹر 1) میں مدمقابل ہوں گے۔

کوالیفائر کی شکست خوردہ ٹیم ایلیمنیٹر 1 کی فاتح ٹیم کے ساتھ اتوار کو شیڈول ایلیمنیٹر 2 میں مدمقابل آئے گی۔ اس مقابلے کی فاتح ٹیم پھر کوالیفائر کی فاتح سائیڈ سے 17 نومبر کو فائنل میں ٹکرائے گی۔

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4